(۱۳۱۲ھ
معروف بہ
محبوب الطالبین ۱۸۹۵ء
بہ سرپرستی
حشمت مآب معلی القاب جناب نواب شیخ غلام محبوب سبحانی صاحب
رئیس اعظم لاہور
جسکو
پنڈت گوردھاری لعل جفار و رمال متوطن ضلع سیالکوٹ نے بکمال محنت
تصنیف کیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ

اول حمد و ثنائی اُس خالق ارض و سما کو کہ جس نے اس قطرۂ ناپائیدار ذرۂ بے قیدار کو اپنی قدرت
کاملہ سے ایسی ایسے اوصاف بخشے ہین کہ جنکی تحریر قلم سے محال زبان اُسکی توصیف سے
لال اتنی مجھ مین کہان مجال کہ اس ذات لایزال کے صفات قدرت کی حقیقت لکھون بھلا گسر
میں کہان جرأت جو ہماکی تعریف کرے یا ذرہ کو کیا طاقت جو سہا کی توصیف لکھے۔ امابعد
یہ حقیر پر تقصیر **پنڈت گردہاری لال** متوطن ضلع سیالکوٹ ناظرین با تمیز نظار کی عرض کنان ہے
کنان کا یہ بیان ہے کہ اس ہیچمدان کو لڑکپن سے ہی عملیات جفر و رمل وغیرہ علوم کا شوق و
ذوق بیحد تہا۔ اکثر بعض بعض بزرگون کی خدمت مین جاتا۔ بعض صاحبان حق پرست و خدمت اوقات
سے اتفاق ملاقات کا ہوتا۔ خوبی قسمت سے بخدمت بابرکت حضرت ناو مولانا جناب

رسالہ

طالع شناسی مردمان

یہ ایک وہ بینظیر رسالہ ہی کہ جسکے ذریعہ تمام حالات زندگانی نیک و بد ہر ایک انسان کے
صرف چہرہ اور ہاتھ اور دیگر اعضاء بدن کے دیکھنے سے بخوبی معلوم ہو سکتے
ہیں - اسکی تعریف کی چندان ضرورت نہیں اسکے دیدار سے سب حال عیان
ہو جاوے گا - پس جو صاحب چاہیں آپنی درخواست جلد بھیجدین آجکل زیر طبع
ہے جو وسط مارچ ۱۸۹۵ء تک بالکل طیار ہو جاویگا قیمت بالکل تھوڑی ہے
صرف ۸ر علاوہ محصول ڈاک

علاوہ ازین علم جوتش کا وہ بینظیر نسخہ بنام لگن تنا گر کہ جس سے
ہر وقت کا طالع وقت یعنی لگن اور تفاوت الوقت مختلف لکھولگا اور حالات
دوازدہ بروج و کیفیت سیارگان بخوبی معلوم ہوسکتی ہین جو شایع ہو کر ہاتھون
ہاتھ فروخت ہو رہا ہے بہت تھوڑی جلدیں باقی رہ گئی ہیں قیمت صرف
دو آنہ ۲ر علاوہ محصول ڈاک مقرر ہے اگر ضرورت ہو تو منگوالیوین

المشتہر

پنڈت گردھاری لعل جفار و رمال سیالکوٹی

تعالےٰ صوبۂ کشمیر جنت بےنظیر جنکے اوصاف حمیدہ اور خلاق پسندیدہ کا زمانہ شاہد ہے
بامداد کثیر جناب موصوف اس گنج اسرار گنجینہ روزگار کے شایع ہونے کی نوبت پہونچی اسلیے
نیازمند نے آن حضور پر نور کے نام نامی اسم گرامی سے حصہ اوّل اسرار النقاط علوم لیمیا
معروف بہ **محبوب الطالبین** واسطے فایدہ عام او رمستلاشیان علم جفر اور مبتلایان
مہمات ضروریہ لبسر پرستی آنجناب بطریق تحفہ صاحبان عقل شعور کے شایع کرکے نظر
گذرانی ہے اور نااہلوں کو گرداب بحر تفکر مین غوطہ دیئے ہیں -

صاحبو یہہ مبارک علم دو حصون پر استادان متقدمین نے تقسیم کیا ہے اوّل اخبار دوم
آثار - اخبار کے معنے خبر ہین جس سے ہر ایک سوال کا جواب خواہ زمانہ ماضی وحال و مستقبل
استخراج کیا جاتا ہے اور آثار کے معنے اثر کے ہین جسکے ذریعہ سے تمام دینی و دنیوی
مشکلات حل ہوسکتی ہین زمانہ حال مین اس علم کا مذاق بہت کم ہوگیا ہے کیونکہ اکثر آجکل کے
نیو فیشن جنٹلمین تو اس علم سے ایسے بدظن ہوگئے ہین کہ اسکو بےسر و پا خیال کرتے ہین
اور فورًا اس علم کی بحث مین کہدیتے ہین کہ اجی یہہ تو ایک لوٹ کہانے کا ڈہنگ درویشان
خانقاہ نشینون نے حصول مطالب کے واسطے ایجاد کیا ہوا ہے جس سے انکی غرض عوام کو
پہندے مین پہنساتی اور مرید بناتی اور ہدیہ کا ٹکس انکے ذمہ لگا لینے کی ہوتی ہے اور
کچھ نہین سب لچر و پوچ ہے کیونکہ یہہ امر خلاف عقل ہے کہ بذریعہ صورت دقوت ناطقہ
چند الفاظ مرکب ہوکر ایک جملہ یا کلام بن جاوے اور پھر اُسمین ایسی تاثیر پیدا ہوکہ اوسکا اثر
دلو نیر ہویدا ہو اور حب وبغض مین اپنا اثر کامل دکہلائے اور دافع الامراض صورت شفا
کہلائے ہرگز نہین ہوسکتا - خیر ہمین اس بارے مین بحث کی چندان ضرورت نہین کیونکہ
واقفان اسرار معانی اور کاملین علم جفر نے اونکی تسلی کے واسطے اپنی اپنی کتابون مین جواب
شافی وکافی دیئے ہین اسلیے بباعث طوالت درج کرنے کی ضرورت نہین - البتہ اگر معترض
صاحبان ہٹ دہرمی کو چہوڑ کر بنظر انصاف کچھ غور فرماوینگے تو انکو بخوبی معلوم ہوجاویگا

سید حسین شاہ صاحب درویش کامل عامل علم جفر و رمل سے پیوند تقدیر لگا جنکے الطاف بیکران سے تہوڑے ہی عرصہ مین وہ پوشیدہ رموز جنکے حل کرنیسے قاصر تھا حل ہوگئین اور جناب شاہ صاحب موصوف کی نظر عطا اس عاجز بیہمتا پر اسقدر تھی کہ ایک قلمی رسالہ جو کہ بہت پوشیدہ تہا میری تعلیم کے واسطے عنایت فرمایا۔ ہنوز رسالہ عطیہ کے چند قواعد ہی نظر احقر سے گذرے تھے کہ شاہ صاحب کسی کار ضروری کیواسطے روانہ پشاور ہوئے۔ جہان سے کچھ عرصہ کے بعد خبر انتقال پُرملال اس استاد باکمال کی میرے پاس پہنچی دل کو ایک بھاری صدمہ پہنچا وہ ذوالجلال اپنی ذات بیمثال سے شاہ صاحب مرحوم کو جنت فردوس بخشے۔

بعد ازان ہر چند کوشش کی کہ پہر کہیں سے پڑہون لیکن کسی صاحب نے پڑہنے کا حوصلہ نہ دیا مگر اس رسالہ کے اڑانے کی کرتے رہے بعض بعض اصحاب نے معقول قیمت کا بھی لالچ دیا مگر اس گوہر نایاب یادگار استاد مرحوم کو بعوض طمع نفسانی ہاتھ سے گنوانا مصلحت نہ سمجھا۔ آخر کار کوشش بسیار بعد زمانہ دراز کے جناب **نواب میر محمد مراد علیخان صاحب** جو اپنے زمانہ مین اس علم مین یکتا تھے باقی قواعد بھی انکی نظر فیض اثر سے حل ہوگئے پہر تو بہت سے تجربے کیئے اور درست پائے اور شائق تیر بہدف لگائے اسلیئے اکثر معزز احباب نے بنظر مخلصانہ و عنائت مربیانہ بعد تجربہ یکے بعد دیگرے اس گوہر نایاب کے طبع کرانے کے واسطے ارشاد کیا لیکن بباعث کاربار ضروری ترکیب و ترتیب کی فرصت نہ ملنے کے سبب سے شایع نہو سکا آخر کار اندنون بسبب کمال قدردانی فیض رسانی خجستہ خصال سایۂ ذوالجلال بدر جمال و خوش اقبال دولت حشمت لازوال عالم علم باکمال جناب معلےٰ القاب جامع اوصاف عالیجاہ والا مراتب جناب **نواب شیخ غلام محبوب سبحانی** صاحب رئیس عظیم لاہور خلف الرشید حاتم دوران نوشیروان زمان فیض رسان جناب **نواب شیخ امام الدین** صاحب ظلہ

باب اوّل (۱)

دربیان علم جفر حصّہ آثار یعنی لیمیا

واضح ہے کہ اس علم کو علم لیمیا اور علم آثار کہتے ہین اس گنجینہ اسرار مخفی کا کُل مدار ۔ ۲۸ ۔
حروفون پر ہے اور کُل کاروبار دینی و دنیاوی انہین ۲۸ حروفون سے جاری ہے
ان ۲۸ حروفون مین عجیب طرح کا اسرار مخفی موجود ہے تمام روئے زمین کی کتب انہین
حروفون کی ترکیب سے ترتیب پائی ہوئی ہین ۔ خدا کی یاد بھی بدون انکے نہین ہوتی
غرضیکہ ہر ایک امور دینی او دنیاوی بین یہہ ۲۸ حروف مقدم ہین علماء جفر نے ان ۲۸
حروفون کے ۲۸ دایرہ قرار دیئے ہین جس مین سے ہم صرف ایک دایرہ درج کرتے ہین
باقی ۲۷ دایرونکا احوال انشاء اللہ تعالے دوسرے حصون مین درج ہوگا کیونکہ اس
رسالہ کا مدار صرف ایک ہی دایرہ پر ہے جس سے کل رسالہ کی ضروریات حل ہوجاوینگی
اس دایرہ کا نام دایرہ ابجد قمری ہے ؀

دایرہ ابجد قمری یہہ ہے ؀

ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ

فصل اوّل

قواعد استخراج اسماء باریتعالی از حروف تہجی

جاننا چاہیئے کہ عاملان علم جفر نے ان ۲۸ حرفون سے اسماء باریتعالے استخراج کئے ہین
یعنی وحید حبیب محب یہ تین اسم نزدیک علماء جفر کے نہایت متبرک ہیں طریقہ انکے

کہ دشنام اور بدگوئی وغیرہ بھی تو چند لفظوں سے مرکب ہے جسکے استعمال سے نوبت بزد و ضرب پہنچ جاتی ہے اور یہانتک کہ کُشت وخون ہو جاتا ہے پھر جائے تعجب ہے کہ بُری بات میں تو ایسی تاثیر ہو کہ جسکے سننے سے سامع کو تاب نہ رہے دل کو توڑی عقل زایل ہو اور مستعد بجنگ و جدل ہو اور اسماء الٰہی اور ملائکہ اور غریبات متبرکہ جو با قاعدہ استخراج کئے گئے ہوں اونمیں کچھ تاثیر نہو افسوس کہ ایسے بے بہا طریقے محض ہماری کم توجہی سے بزرگان دین اور عالمان علم آخر اپنے ساتھ ہی لیجاتے ہیں تاہم یہ امر بعید از انصاف سمجھا جاتا ہے کہ جبتک زمین وزمان قایم ہے خالق کی مخلوقہ کسی چیز کی بیخ مار سکے کیونکہ اکثر اس مبارک علم کے عامل ملک یونان مصر ترکستان بخارا ہندوستان وغیرہ میں موجود ہیں مگر واقفان تواریخ اور روشن ضمیران انصاف پسند کو معلوم ہوگا کہ زمانہ ماضی کے فلسفہ خصوصًا حکماء یونان نے محض اس گنجینہ اسرار مخفی کی برکت سے مستفیض ہو کر کسقدر عروج پایا اور کیا کچھ کر دکھایا یہہ متبرک اور پاک علم عاملوں کے سینہ بسینہ چلا آتا ہے۔ اور سب اس راز مخفی کو نااہل اور جاہل سے پوشیدہ رکھتے چلے آئے ہیں اور آیندہ بھی جس صاحب قسمت کو یہ اسرار مخفی اونسے حاصل ہوتا ہے تو اوسکو بھی ساتھ ہی اس امر کی تاکید شدید ہو جاتی ہے کہ خبردار اس راز پوشیدہ کو جاہلوں پر ظاہر نہ کرنا کیونکہ اکثر جاہل آدمی اس علم سے ماہر ہو کر خلق اللہ کو طرح طرح کی اذیتیں پہونچاتے ہیں جسکا اجر تبلانے والے کو بروز قیامت ملیگا۔ پس مطالعہ کنندگان کتاب کیخدمت میں التماس ہے کہ بدی کے واسطے میری کتاب کے قواعد کو استخراج نہ فرماویں۔ البتہ اگر کوئی مشکلات ضروری درپیش ہو تو اس احقر العباد کیجانب سے اجازت ہے اس علم کے بہت سے قواعد سینہ بسینہ تبلائے جاتے ہیں البتہ جو قواعد اس رسالہ کے استخراج کیواسطے ضروری ہیں واسطے مبتدی کے اسمیں درج کر دیئے ہیں امید کہ طالبان عملیات اور قدرح نوشان محبت اگر اسپر عمل کرینگے تو البتہ دل شکستہ اونکا کہ جو صدمات لکد کوبی ہجر سے ٹوٹ گیا ہوگا بفضل ایزد متعال صحیح و سالم ہو جاوے گا۔

وجود حق ہے اور باقی عدم ہے شائقان پر تمکین کی خدمت میں التماس ہے کہ ان مندرجہ بالا فقرون کو غور سے ملاحظہ فرما دین کہ مین نے کسقدر خون جگر کہا کر اس راز پوشیدہ کا پردہ اوٹھایا ہے۔ یہہ یاد رہے کہ انہین لفظون مین اسم اعظم ہے دانا کے واسطے صرف اشارہ کافی ہے کسی اوستاد نے چند ایک شعرون میں اسم اعظم کو پوشیدہ کیا ہے واسطے طبع آزمائی ناظرین کے ذیل مین درج کرکے عرض ہے کہ جو صاحب اس معمہ کو حل کرکے میرے پاس روانہ کریگا اوسکو اُسکے صلہ مین پانچ روپیہ انعام دیا جاوے گا۔ وہ اشعار یہہ ہین۔ ٭

اے کہ اسماء خدا میخواستے	بہر حاجت بدعا میخواستے
بکشا گوش دل و دیدہ جان	بشنو اسرار عدد را و بدان
اسم او با سورۂ قرآنی	متساوی است اگر میدانی
ہشت حرف است بترتیب نظام	بسط حرفش چہل کشتہ تمام
لفظیش نوزدہ از روے جمل	ہست چون مدخل باسط لعجل
اولش میم و چہارم لام است	ستیلش شہرہ درین ایام است
طا بود آخر و ششم صرف درد	نکتہ فہمی کہ بفہمید نیکو
از سہ جا مصدر ہشتم دال است	در سر آئینہ ازان فال است
اولش ہفت دہ آخر سین است	متصل در وسط یاسین است
مخرج بینہ اش ہفتاد است	این ہمہ قاعدۂ اوستاد است

فصل سوم

قواعد استخراج اسمار از بینات

بینات حروف ابجد یہہ ہین۔

ل	ف	ا	ھی	م	ا	ن	ا	ا	و	ا	ا	ا	ا	ف	ا	م	ی	م	و	ن	
ی	ن	ی	ن	ا	ا	د	ا	ف	ا	ی	ن	ا	ا	ا	ا	ل	ا	د	ا	ی	ت

استخراج کا یہ ہے کہ تمام حروف شمار میں ۲۸ ہین جو مطابقت رکہتے ہیں ساتہہ اسم وحید کے
اور نقاط تمام حروف کے ۲۲ ہین جن سے اسم حبیب ظاہر ہوتا ہے جب ۲۸ - اور ۲۲ کو
جمع کیا تو ۵۰ عدد ہوئے جو مطابقت رکہتے ہین ساتہہ اعداد اسم محب کے - اور اعداد تمام
حروف کے ۵۹۹۵ ہیں جو مطابقت رکہتے ہیں سات اسم باریتعالے سے یعنی غفور ۱۲۸۶
حفیظ مغنی ستار خبیر معظم حلیم ٭
۹۹۸ ۱۱۰۰ ۶۶۱ ۸۱۲ ۱۰۵۰ ۸۸

فصل دوم

استخراج اسما و اسم اعظم از حروف ملفوظی

تمام ۲۸ حروف ابجدی کو ملفوظی کیا تو کل حروف ۷۲ ہوے اس طرح پر

ا	ل	ف	ب	ا	ج	ی	م	د	ا	ل	ه	ا	و	ا
و	ز	ا	ح	ا	ط	ا	ی	ا	ک	ا	ف	ل	ا	م
م	ی	م	ن	و	ن	س	ی	ن	ع	ی	ن	ف	ا	ص
ا	د	ق	ا	ف	ر	ا	ش	ی	ن	ت	ا	ث	ا	خ
ا	ذ	ا	ل	ض	ا	د	ظ	ا	ع	ی	ن			

چونکہ حروف مذکورہ بالا ۷۲ ہیں جو مطابق ہین ساتہہ اعداد اسم یاباسط سے نقاط
تمام حروف ۴۲ ہین جو مطابقت رکہتے ہین ساتہہ اعداد اسم ودود و حبیب سے
ان ہردو یعنی ۷۲ و ۴۲ کو جمع کیا تو ۱۱۴ عدد ہوئے استنطاق اسکا دی ق ہوا موافق
اعداد اسم قید و عدم و جامع اب ان ۱۱۴ عدد کو بلحاظ مراتب جمع کیا تو ٦ ہوئے یعنے
۴ و ۱ - ۵ - ۵ و ۱ - ٦ - مجموعہ ٦ ہوئے پس ان ٦ عدد دون کو بقاعدہ حکما مغرب ۱۱۴
سے کم کیا تو باقی ۱۰۸ عدد رہے جو موافق اعداد اسم حق کے ہین - پس معلوم ہوا کہ جس
صورت سے مقید ہے اوسی صورت سے عدم ہے اور جو وجود کہ موجود ہے وہ

کے حروف کسطرح بہی سات ہی سات اور آہتہ سے زیادہ حاصل نہین ہونگے ناظرین کتاب یہہ سات حروف۔ ف ی م ل و ن د یہ بنیات کے ہیں انہین چار ہ نقطے ہیں جب سات کو ۴ سے ضرب کیا تو ۲۸ ہوئے کہ شمار تمام حروف ابجد کا ہے اور اعداد ان سات حرفون کے ۲۰۰۳ ہیں جنکو عالمان علم جفر نے اعداد منتہا بہ قرار دیا ہے اگر ان اعداد کو سات اعداد اسم مطلوب کے جمع کر کے نقش بہر کر باترکیب عمل کیا جاوے تو مطلوب محبت میں بیقرار ہوتا ہے اوستادون نے ان عددون کو بڑی رمز و کنایات سے پوشیدہ کیا ہے لیکن خاکسار نے محض فائدہ عام کیواسطے درج کیا ہے۔ ان سات حرفون کو ترکیب دینے سے ایک یہ کلمہ پیدا ہوتا ہے جو اشارت کرتا ہے قاعدہ کلیہ پر یعنے لمفیدون اور اعداد ۲۰۰۳ سے دو اسم باری تعالے استخراج ہوتے ہین یعنے بدوح و منعم مطالع کنندگان کتاب سے التماس ہے کہ اس باریک رمز کو غور سے سمجھینگا کہ راقم نے اس قاعدہ کے اظہار مین کسقدر راستی ادا کیا ہے۔

فصل پنجم

قواعد استخراج اسم بدوح از حروف مسرور

ناظرین ہم اوپر لکھہ چکے ہین کہ تمام ابجد میں ۱۲ حروف ایسے ہیں جو بالہ حرف ۔ ی ۔ اور الف پڑھنے میں آتے ہین وہ حروف حسب ذیل ہین ۔ بے تے ثے حے خے رے زے طے ظے فے ہے یے ۔ ان حرفون کی بنیات ۱۲ ی ہیں اعداد بنیا نون کے ۱۲۰ ہین جو مطابقت رکھتے ہین اسم بدوح سے ۔ اور یہہ اعداد بھی واسطے پیدا کرنے محبت طرفین میں نہایت پرتاثیر ہین یہہ بہت طرح سے عمل میں لائے جاتے ہیں اگر جب ہم ان حرفون کو بجائے حرف (ی) کے الف سے پڑہین تو اعداد بنیات کے ۱۲ ہوتے ہین لیس اول بالہ حرف (ی) کے پڑہنے سے اعداد ۱۲۰ حاصل ہوتے ہیں اور بعد

بنیات حروف ابجدی شمار میں ۴۴ ہیں جو مطابقت رکھتے ہین ساتھ اعداد اسم لوح کے
اعداد زنبیات ۲۰ ہیں جو مطابق ہیں اسم ہادی سے جمع ہردو ۴۶ جو مطابقت رکھتے ہین
ساتھ اسم باجلال کے اور اعداد تمام زنبیات کے ۸۰۰ ہیں جو مطابقت رکھتے ہین ساتھ
اعداد المبدی والمقتدر سے جمع حروف و نقاط و اعداد ۸۴۶ جو موافق ہین ساتھ
اعداد اسماء المؤخر والحیّ کے ۔ امید کہ جو صاحب میری رمزون کو غور سے پڑھینگے وہ میری
محنت کی قدر کرینگے ؛

فصل چہارم

قواعد استخراج اعداد امتحابہ از زبر و بنیات حروف

پوشیدہ نہ رہے کہ علماء جفر نے بطن حروف و بینات کو سات بطن پر اعتبار کیا ہے جیسا کہ
حدیث حضرت نبوی میں لکھا ہے علیہ الصلوٰۃ والسلام کما قال ان للقرآن
ظہرا و بطنا و بکل بطن بطناً الی سبعۃ البطن اور بعض متقدمین نے بطون
حروف کو پندرہ مرتبہ پر اعتبار کیا ہے موافق اعداد اسم حوا چنانچہ اکثر سات مرتبہ سے
تجاوز نہین کرتے اسلیے بطن حروف ابجدی سات مرتبہ خواہ اس سے زیادہ نکالی جاوین لیکن
بہرحال آٹھ حروف سے زیادہ حاصل نہ ہونگے وہ آٹھ حروف یہہ ہین ف ا ی م ل د
ن و ۔ چونکہ اس علم کے بعض محققان نے ان حرفون میں سے حرف (ی) کو خارج کردیا ہے
وجہہ تسمیہ جسکی سطر حیربیان کی ہے کہ تمام حروف ابجدی ہین ۱۲ حروف ایسے ہین جو بالہ
حروف (ی) اور الف کے پڑہے جاتے ہین جنکو مسروری بھی کہتے ہین خلا حروف (ب)
ہے اسکو دو طرح پڑہا جاویگا بے یا با ۔ لہذا حرف (ی) خارج کرکے باقی یہہ سات حروف
بنیات کے قرار دیئے ہین ف ا م ل د ن و ۔ اور جنہون نے حرف الف کو گرادیا ہے
نزدیک انکے یہہ سات حروف ہین ف ی م ل د ن و ۔ پس واضح رہے کہ بطن و بنیات

اور سروری ہیں بوقت قرارت اختتام ہمزہ قرار دیکر مرکز قلبی پیدا ہوتا ہے اور لکھا ہے
کہ ان ۲۰ حروف ب ت ث ح خ د ذ ر ز ص ض ط ظ ف ک ق ل ہ
ی ؛ کا مرکز قلبی الف ہے اور ان چہ حروف ج س ش ع غ م کا مرکز قلبی حرف
ی) ہے اور حرف (ن) کا مرکز قلبی واو ہے اور الف کا مرکز قلبی حرف (ل) ہی علمائے
جفر نے لکھا ہے کہ الف اور لام میں اتحاد قلبی ہے کہ لام شبیہ الف ہیں اور الف شبیہ لام ہیں ہے
معلوم ہوا کہ ابجد کے حروفون ہیں مرکز ظاہری سے یہہ چار حروف ؛ ا ی و ل ؛ حاصل ہوئے
ہین اوستادون نے حرف لام کو باعث اتحاد قلبی کے خارج کردیا ہے اور یہہ تین حرف
ا ی و - باقی کو حرف علت قرار دیا ہے - اور لکھا ہے کہ اگر طالب صادق ان حروفون کو
بسط عربی عددی کرکے اعداد استخراج کرکے معہ اعداد اوس مہم کے جو درپیش ہو نقش مربع
نیک وقت میں پُر کرکے اپنے پاس رکھے تو انشاء اللہ تعالیٰ مراد دلی کو سلد حاصل کرے حرف علت
ا ی و - انکو بسط عربی عددی کیا د ا ح د س ن ھ ع ش ر ہ کر حروف ہ کو خارج
کیا تو باقی حرف کے اعداد ۱۰۵۴ ہوئے ان عدد کو حسب مذکورہ بالا عمل میں لاوے ؛

فصل ہفتم

استخراج فل شریف از اعداد حروف قائمیہ

حروف قایمہ سے مراد بنیات آخر حرف سے ہی جسکا ذکر اول میں ہوچکا ہے - لیکن برائے تبدی
انکے حاصل کرنیکا طریقہ درج کرتا ہون کہ کیونکر یہہ سات حروف ابجد سے استخراج پائے طریقہ
انکا یہہ ہی کہ ان ۱۲ حروف ؛ ب ت ث ح خ ر ز ط ظ ف ہ ی ؛ کے آخرین حرف
الف قایم ہے اور ان ۲ حروف ؛ ج م ل کے آخر حرف م قایم ہے اور ان ۲ حروف
ان ک کے آخریں حرف - ف - قایم ہے اور حرف دا دین و قایم ہے اور ان دو حروف
د ذ کے آخریں حرف ل قایم ہے اور ان پانچ حروف ؛ س ش ع غ ن کے آخرین

الف کے ۱۲ عدد پس ۱۲۰ عدد سے ۱۲ عدد بقاعدہ اہل مغاربہ کم کیئے تو باقی ۲۰۸ عدد رہے جس سے اسم حق کا ظاہر ہوتا ہے چونکہ اوپر ہمنے ذکر کیا ہے کہ حرف بھی ہیں سے جو حرف بالا لہ حرف (ی) کے پڑھنے مین آتی ہین اونکے بنیاتون کے اعداد ۱۲۰ ہیں اور ۲ اعداد اسم بدوح سے مطابقت رکھتے ہین اوسکی تشریح کی چندان ضرورت نہین صرف بتدی کیلیئے اتنا اشارہ کافی ہے کہ اس اسم کو فی نفس ضرب دینے سے ۱۰۰ عدد حاصل ہوتے ہیں یہ ایک نازک رمز ہے جسکو اوستادون نے مخفی رکھا ہے کیونکہ اسمیں ایک سر ہے جو عمل حب میں کامل تاثیر بخشتا ہے - ؎

فصل ششم

دربیان مراکز و موازین و مداخل و مخارج حروف

جاننا چاہیئے کہ عاملان علم جفر و اتقان اسرار عددنے ۲۸ حروف کو زبر و بنیات و مراکز و مداخل و موازین پر اعتبار کیا ہے مراکز حروف میں اکثر اختلاف رائے پایا جاتا ہے بعض حکمائنے لکھا ہے کہ ہر ایک حرف کے تین مراکز ہیں اول فوقی دوم قلبی سوم تحتی اور بعض کا قول ہے کہ مراکز کل حروفون کا الف ہے لیکن میرے اوستاد کا قول ہے کہ ان ۱۶ حروفون ا ب ت ث ج ح خ ر ز ص ض ط ظ ف و ہ ی تا کے مرکز میں حرف الف ہے اور ان سات حروفون کے ج س ش ع غ م ن مرکز میں حرف س ہے اور ان پانچ حروف ذ د ق ک ل کے مرکز میں حرف ندا یعنے یا ہے اسکی تشریح کی چندان ضرورت نہین یہ مرکز مخفی ہیں حسب ہدایت اوستاد صاحب مجبوری ہے البتہ جو صاحب شائق ہون وہ مجھ سے بذریعہ خط دریافت کرلیوین اور جو صاحب خود اسکی تشریح کرکے میرے پاس روانہ کرینگے بشرطیکہ وہ درست ہو اسکے صلہ میں حصۂ دوم اس رسالہ کا مفت نذر ہوگا اور بعض نے صرف مرکز ظاہری پر اعتبار کیا ہے اور لکھا ہے کہ حروف ملفوظی میں حرف وسطی مرکز قلبی

شخص اس قل شریف کو اجازت معہ چہار مؤکل پڑہیگا درجہ کشف کا حاصل ہوگا قل شریف معہ مؤکل یہہ ہے قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ یا جبرائیل اَللّٰهُ الصَّمَدُ یا میکائیل لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ یا اسرافیل وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ یا دردائیل ؎

فصل هشتم

دربیان استخراج ملائک از موازین حروف

موازین جمع ہے میزان کی علماء جفر لکھتے ہین کہ میزان ہر ایک حرف کی تین حرو فونسی حاصل ہوتی ہے جو ایک دوسری سے پیدا کی جاتی ہے پس جس حرف کی میزان معلوم کرنی ہو اُسکے اعداد ملفوظی نکال کر ۲۸ پر تقسیم کرو باقی کو دایرہ ابجد پر تقسیم کرو جس حروف پر اعداد بقیہ منتہی ہون اوسکو پہر ملفوظی کرکے اوسکے اعداد کو ۲۸ کی تقسیم کرو باقی کو پہر دایرہ ابجد پر تقسیم کرو جہان اعداد منتہی ہون اوس حرف کو پہر ملفوظی کرکے اسکے اعدادون کو ۲۸ کی تقسیم کرو باقی اعداد کو دایرہ ابجد پر تقسیم کرو جس حرف پر منتہی ہو اُسکے عدد بحساب ملفوظی نکال کر ان حرفون کے عددون مین شامل کرو جو پہلے حاصل ہوئے ہیں اور تمام عدد میزان ثلثہ کو جمع کرکے ۲۸ پر تقسیم کرو باقی ماندہ کو دایرہ ابجد پر تقسیم کرو جس حرف پر منتہی ہو اوس حرف کی آخر میں کلمہ ائیل اضافہ کرو اسم ملک حاصل ہوگا برائے آسانی مبتدیان صرف ایک حرف کی مثال ذیل میں درج کی جاتی ہے باقی حرفون کو اوپر اسی طریقہ سے استخراج کرلیوین مثلاً حرف الف عدد ملفوظی ۱۱۱ بعد تقسیم ۲۸ کے باقی ۲۷ - ابجد پر تقسیم کرنیسی حرف ظ پر منتہی ہوئے - اعداد حرف ظ ملفوظی ۹۰۱ تقسیم ۲۸ باقی ۵ - ابجد پر تقسیم کرنیسی حرف ھ پر منتہی ہوا عدد ملفوظی حرف ھ ۶ جو لائق تقسیم کے نہیں اسلئے ۶ عدد کو ابجد پر تقسیم کیا تو حرف واو پر منتہی ہوا اب میزان ثلاثہ جمع کیا اول ظا عدد ۹۰۱ دوم ھا عدد ۶ سوم واو عدد ۱۳ جمع کل ۹۲۰ انکو ۲۸ پر تقسیم کیا تو باقی ۲۴ رہے جب دایرہ ابجد پر تقسیم کیا تو حرف

حروف ن قایم ہے اوران دو حروف ص ض کے آخر میں حرف و قایم ہے مجموعہ حروف قایمہ یہہ سات حرف حاصل ہوئے ؛ ف ا م د ل ن د ؛ یہہ سات حروف نبیات کے ہین اعداد حروف ۲۱۱ نقاط ۲ حروف ۷ جمع کل ۲۲۰ عدد ہوئے پس اعداد حروف قایمہ علماء جفر نے متحابہ قرار دیکر اسمیں سے ایک ایسا پاک و متبرک قل شریف استخراج کیا ہے کہ جسکے باقاعدہ ورد سے تمام مہمات دینی و دنیاوی چشم زدن میں حل ہوجاتی ہیں لیکن بدون اجازت عامل کامل کے اسکے ورد کا ارادہ نہ کرنا چاہیئے مبادا رجعت پیش آئے طریقہ اسکے استخراج کا یہہ ہے کہ اعداد حروف قایمہ متحابہ ۲۲۰ ہیں یہہ مطابقت رکھتے ہیں ساتھہ اعداد ان حروفون کے ق ل ھ و ا ل ل ھ ا ح د ۔ اعداد ان حروفون کے ۲۲۰ شمار حروف ۱۱ جمع کل ۲۳۱ جو مطابقت رکھتے ہیں ساتھہ اعداد ان حروفون کے ا ل ل ھ ا ل ص م د اعداد انکے ۲۳۱ شمار حروف ۹ جمع کل ۲۴۰ جو مطابقت رکھتے ہین ساتھہ اعداد و شمار حروف بلا تکرار ان حروفون کے ؛ ل م ی ل د و ل م ی و ل د ؛ اعداد حروف ۲۳۴ شمار حروف بلا تکرار ۶ جمع کل ۲۴۰ ۔ اب تمام حروف ما سبق کو جمع کیا تو تمام یہہ حروف حاصل ہوئے ؛ ق ل ھ و ا ل ل ھ ا ح د ا ل ل ھ ا ل ص م د ل م ی ل د و ل م ی و ل د ؛ ان تمام حروف کو تخلیص کیا تو باقی یہہ ۱۰ حروف ؛ ق ل ھ و ا ح د ص م ی اعداد انکے ۲۹۴ حروف ۱۰ جمع ۳۰۴ ۔ ان عددون سے باقاعدہ یہہ حروف حاصل ہوئے ؛ ل م ی ک ن ل ھ ک ف و ا ح د ؛ اعداد انکے ۳۰۴ جو مطابق ہین ساتھہ اعداد مذکورہ بالا کے پس اب تمام حروف استخراج شدہ کو جمع کیا تو یہ حروف حاصل ہوئے ؛ ق ل ھ و ا ل ل ھ ا ح د ا ل ل ھ ا ل ص م د ل م ی ل د و ل م ی و ل د و ل م ی ک ن ل ھ ک ف و ا ح د ؛ اب ان تمام حروف کو باضافت مرکب کیا تو یہہ متبرک اور پر اسرار قل شریف ظاہر ہوا ۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ واضح رہے کہ عاملان کاملین فرماتے ہین کہ جو

خ پر منتہی ہوئے پس حرف خ کے آخر کلمہ ہیں کلمہ آئیل کا اضافہ کیا تو اسم ملک غائیل حاصل ہوا پس باقی حروف اور اسمار کے موکل اسیطریقہ سے استخراج کرنے چاہئیں شائقین علم جفر سے التماس ہے کہ نااہل اور جاہل سے یہہ قاعدہ لایق پوشیدہ رکھنے کے ہیں ہم نے واسطے فائیدہ عام اسکی تشریح میں کوئی دقیقہ نہیں رکھا۔ امید کہ طالبان صادق بعد حصول مطلب اس حقیر کو دعائے خیر سے یاد فرماوینگے ؛

فصل ہفتم

دربیان مداخل و مخارج حروف

مداخل حروف کو استادان نے ۳ مرتبہ پر اعتبار کیا ہے یعنے کبیر وسیط صغیر اور بعض نے چوتہا مرتبہ اصغر کا بہی قایم کیا ہے لیکن ان ۹ حروف اب ج د ھ و ز ح ط ؛ کا ظاہر ہین سوائے مدخل کبیر کے اور کوئی مدخل نہین ہوسکتا البتہ جب انکو ملفوظی کیا جاوے تو بعض حرف کا مدخل وسیط صغیر بہی ہوسکتا ہے مثلاً حرف الف ظاہر بین ایک عدد ہے ملفوظات میں ۱۱۱ عدد ہیں مداخل کبیر اس کا ۱۱۱ عدد ہے وسیط ۲ صغیر ۳ مدخل سے یہہ حرف مخارج حاصل ہوئے ؛ ق ي ا ي ب ج ؛ باقی ہشت حرف کو علے ہذالقیاس لیکن ہر ایک حرف میں کچھ تفاوت ہے۔ فرضاً حرف (ب) با مالہ حرف الف کے مداخل کبیر ۳ مخرج جیم۔ اگر اسکو با مالہ حرف (ی) کے لکھا جاوے تو مدخل کبیر ۲ صغیر ۳ وسط ندارد مخرج کبیر سے حرف ؛ ی ب ؛ صغیر سے (ج) حاصل ہوا۔ برائے آسانی مبتدیان ذیل کے نقشہ سے مداخل و مخرج بخوبی معلوم ہوسکتا ہے ؛

مدرجۂ ذیل طریقہ سی خود استخراج کرلیوی * جاننا چاہیئی کہ تمام فلک ثوابت یعنی منطقۃ البروج کی حکما فلسفہ نے
۳۶۰ درجہ قرار دیئے ہین اور تمام درجات مذکور کے ۱۲ حصہ کئی ہین ہر ایک حصہ کا نام اسی شکلات پر کہ جو
بسبب اجتماع سیارونکی پیدا ہوئی ہوئی ہی برج رکہا ہی نام انکی یہہ ہین ۔ حمل ثور جوزا سرطان اسد سنبلہ
میزان عقرب قوس جدی دلو حوت ۔ ہر ایک بروج کی ۳۰ ۔ ۳۰ درجہ مقرر ہین واضح ہی کہ سطر حیر حکمائی
سبعۃ الکواکب ہفت افلاک سی استخراج کرکی بموجب اجتماع سیارگان اونکی نام قرار دیئے ہین یعنی زحل مشتری
مریخ شمس زہرہ عطارد قمر انکو باترکیب بارہ برجون سی منسوب کردیا ہی اور یہ سیاری بموجب اپنی رفتار
کی بارہ برجونمین مختلف طور پر روزمرہ سیر کرتے ہین اور انمین سی پانچ سیاری یعنی زحل مشتری مریخ
زہرہ عطارد خمسہ متحیرہ ہین گاہ سیدہی اور گاہ اولٹی رفتار سی اپنا دورہ ختم کرتے ہین اور رفتار انکی
کبہی بطی السیر اور کبہی سریع السیر ہوتی ہی حکمائی شمس کو طالع عالم نہار اور قمر کو طالع عالم لیل قرار دیا ہے
اور یہہ ہر دو سیاری ہمیشہ اپنی محور پر سیدہی رفتار سی اپنا دورہ ختم کرتے ہین ۔ آمدم بر سر مطلب *
جاننا چاہیئی کہ تمام فلک البروج کی ۳۶۰ درجات ہین درجات مذکور کو نصف کیا تو ۱۸۰ درجہ ہوئے
اسکا نام مقابلہ ہی پہر تمام درجات کے تین حصہ کئی تو ۱۲۰ ہوئے اسکا نام تثلیث ہی پہر تمام درجات
کے ۴ حصہ کئی تو فی حصہ ۹۰ درجہ ہوئی اسکا نام تربیع ہی پہر تمام درجات کے ۶ حصہ کئی تو فی حصہ ۶۰ ہوئے
اسکا نام تسدیس ہی اگر دو سیاری ایک برج مین ایک درجہ اور دقیقہ پر جمع ہون تو اسکو قران کہتی ہین *
اگر ایک دوسری سی ۱۸۰ درجہ کی فاصلہ پر ہو تو باہم نظر مقابلہ ہوگی یہہ نظر تمام دشمنی کی ہی اسوقت کوئی
امور نیک و استخراج وغیرہ نہ کری برای محبت کریگا تو دشمنی پیدا ہوگی ۔ البتہ امورات بد کا کرنا عمدہ ہے
خصوصاً زحل و مریخ کی نظرات کی مقابلہ مین ۔ اگر ایک دوسری سی ۱۲۰ درجہ کی فاصلہ پر ہو تو باہم انکی
نظر تثلیث ہوتی ہی یہ نظر تمام دوستی کی ہی تمام امورات نیک کیواسطی مبارک ہی البتہ واسطی تسخیر
قوانین معظمہ اور مستورات وغیرہ کی زہرہ اور مشتری کی نظر تثلیث ہو تو نہایت مبارک ہے *
اگر ایک دوسری سی ۹۰ درجہ پر ہو تو باہم نظر تربیع ہوتی ہی یہہ نظر نیم دشمنی کی تاثیر رکہتی ہی استخراج برائے
محبت وغیرہ نکرنا چاہیئے * اگر ایک دوسری سی ۶۰ درجہ کی فاصلہ پر ہو تو اسکو نظر تسدیس کہتی ہین یہہ نظر

فصل دھم

چند شرائط دربارہ استخراج و عمل

اس رسالہ کی عامل کو لازم ہے کہ مندرجہ ذیل شرائط جہانتک ہو سکے مقدم سمجھ کر ارادہ استخراج کرے اوّل نیک نیتی دوم حق غیر بد دست اندازی نہ کرے سوئم اس راز کو دوسرون پر ظاہر نہ کرنا چہارم مکان خلوت کا ہونا ضروری ہے پنجم بوقت استخراج اور لکھنے تعویذات اور پڑھنے عزیمات کے کسی سے گفتگو نہ کرنا ششم جب تک عمل شروع رہے اشیاء نشئی اور بدبو دار اور گوشت ہر قسم اور جماع وغیرہ سے پرہیز رکھے ہفتم جو وقت پڑھنے کا پہلے دن مقرر کرے اوسمیں تفاوت الوقت نہ ہونے دے ہشتم عمل غیر شرعی سے پرہیز رکھے نہم بخور ساعت سیارہ بوقت عمل و استخراج کے روشن کرے دہم ساعت سعد اور یوم اور نظرات کواکب کا لحاظ ضروری رکھے ؛؛

فصل یازدھم

نظرات سبعۃ الکواکب کا بیان

چونکہ بوقت استخراج عمل بدون نظرات سبعۃ الکواکب کام نہین چلتا اسلئے نظرات سبعۃ الکواکب کا دیکھنا عامل کیواسطے بوقت استخراج ضروری ہے جو شخص نظرات کا لحاظ نہ رکھیگا عمل میں عاجز رہیگا واسطے استخراج عمل نیک کے نظرات سعدہ اور واسطے امورات بد کے نظرات نحس سیارگان لینی چاہئیں تاکہ عمل جلد موثر ہو تقویم ملے سالیانہ یعنی جنتریون سے نظرات سبعۃ الکواکب کا احوال بخوبی معلوم ہو سکتا ہے اگر کسی صاحب کو نظرات سبعۃ الکواکب کا جنتریسے دیکھنا مشکل ہو تو راقم کے پاس ۲ ر کے ٹکٹ بھیجکر تمام سال کی نظرات معہ وقت استخراج عمل منگوالین اگر ۲ ر کے ٹکٹ خرچ کرنے گران معلوم ہوں تو وہ

طریقہ وردِ اسماءِ حسنٰے

از سبعۃ الکواکب دوازدہ بروج برائے مہمات دنیاوی

واضح رہی کہ یہہ قاعدہ جفر احمر کا ہی اور نزدیک جفارون کی نہایت معتبر ہی طریقہ اسکی ورد کا یہہ ہی کہ
اول مطلوب یا مقصود جسکی خواہش ہو اُسکے حروف مفرد لکھکر اعداد نکالی اور پہر آپنی نام کی اعداد اُنمیں
شامل کرکے ۱۲ پر تقسیم کری جو باقی بچی اُسکو برج حمل سی تقسیم کری جس برج پر اعداد منتہی ہون اُس
برج کو طالع عمل کا قرار دیکر اُسکی ستاریکو معلوم کرکے نقشہ سبعۃ الکواکب سی جو اسم اوس ستاریکی مندرج
ہین اُنکو علیحدہ لکہی اور پہر یہہ دیکہی کہ یہہ سیارہ کون کون برج کا مالک ہے اگر ایک کا ہو تو ایک کے
اگر دو برج کا مالک ہی تو دو کی اسماء حسنٰے نقشہ دوازدہ بروج سی علیحدہ لکہی بعد ازان اعداد سیارہ
اور اعداد بروج جتنے برجونکا مالک ہو یکجا جمع کرکے جسقدر جمع کے اعداد ہون موافق تعداد اُنکی
اسماء حسنٰے استخراج شدہ کو جس روز کا وہ سیّارہ مالک ہی پڑہی اور پنجوں سیارہ کا تا اختتام ورد روزِ دشنبہ
رکہی اور اُسکی دوسرے روز جو سیّارہ اوس روز کا مالک ہو اُسکی اسماء اور جس برج کا وہ مالک ہو اُسکے اسماء
حُسنٰے دونوں کو اکٹھا کرکے موافق اعداد سیارہ اور بروج کی پڑہی روز سوم پہر اسیطرح علیٰ ہذا القیاس سات
روز کی بعد پہر اول سی شروع کری انشاء اللہ تعالیٰ چار دور ختم نہ ہونگی کہ مراد پردہ غیب سی فوراً ظہور پکڑیگی
اور جو شخص ہمیشہ اسطرح اسکا ورد کرتا رہیگا بحکم خدا ہرگز محتاج نہو گا اور رازق مطلق غیب سے روزی
عطا کریگا خواہ کیسی ہی مشکل دنیاوی پیش آجاوی بفضل خدا فوراً حل ہو جاویگی برائے ناظرین مثال اس
عمل کی یہہ ہی اعداد مطلوب و مقصود و اسم طالب مجموعہ ۱۷۵ تقسیم ۱۲ باقی ۱۱ برج حمل سی تقسیم کیا
تو برج دلو پر اعداد منتہی ہوئی سیارہ اسکا زحل ہی مالک روز شنبہ زحل سی یہہ اسماء نقشہ سبعۃ الکواکب
سی استخراج کئی یعنی یَا وَهَّابُ یَا اَحَدُ یَا حَيُّ چونکہ زحل دو برجون کا مالک ہی یعنی دلو اور جدی
دلو سی یہہ اسماء یَا هَادِيُ یَا وَدُوْدُ اور جدی سے یَا جَيِّدُ اب اعداد تمام جمع کئی یعنی زحل
۵۹ دلو ۴۴ جدی ۷ مجموعہ ۱۰۲ پس طالب کو چاہئیے کہ بروز شنبہ ۱۰۲ مرتبہ اسماء حسنٰے یَا وَهَّابُ

نیم دوستی کی ہی اسوقت میں بھی استخراج حب کا کرنا قدری فائیدہ مند ہی - اور بوقت قرآن سیارگان سعد کے عمل نیک و نحس کے امور بد کا کرنا اچھا ہی یہہ امر بھی قابل یاد رکھنے کے ہی کہ اگر کوئی سیارہ آفتاب سے قرآن کری تو اسکو احتراق کہتے ہین اگر دو چار درجہ پر ہو تو تحت الشعاع ۱۲ درجہ - اگر قمر آفتاب سے قرآن کری تو اسکو اجتماع نیرین یعنے اماوس کہتے ہیں - اگر آفتاب اور قمر باہم ۱۸۰ درجہ کے فاصلہ پر ہون تو اوسکو بدر یعنی پورنماشی کہتے ہیں پس دانا کیواسطے اتنا ہی کافی ہے اگر کچھ دخل علم نجوم میں ہوگا تو تقویم سے معلوم کریگا

فصل دوازدہم

نقشہ استخراج اسماء حسنی از سبعۃ الکواکب

یوم	کواکب	اعداد	مخرج اسماء	بخور	مالک بروج
یکشنبہ	شمس	۰۰۴	یا حلیم یا رقیب	گل ڈھاک ہلدی زعفران عود صندل لوبان	اسد
دوشنبہ	قمر	۳۴۰	یا منعم یا ولی یا عزیز	کافور لوبان عود گلہائے سفید رنگ	سرطان
سہ شنبہ	مریخ	۱۵۰	یا خالق یا باسط یا والی	مرچ سرخ افیون قرنفل لوبان گوگرد گوگل دار چینی	حمل و عقرب
چہارشنبہ	عطارد	۲۸۴	یا کریم یا واجد	کبیرا درخت بیلی کی جڑ بادام لوبان گوگل	جوزا و سنبلہ
پنجشنبہ	مشتری	۷۵۰	یا شکور یا عدل یا جلیل	صندل سرخ و سفید لوبان زعفران ناگرموتھ	قوس و حوت
جمعہ	زہرہ	۳۱۷	یا واسع یا جامع یا وکیل	عطر لوبان عود مشک گلہائے خوشبو	ثور و میزان
شنبہ	زحل	۴۵	یا وہاب یا احد یا باقی	دانہ سیاہ اسپند سیاہ زعفران قند سیاہ عود سال گوگل	جدی و دلو

نقشہ استخراج اسماء حسنی از دوازدہ بروج

نام بروج	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
اعداد	۷۸	۷۰۶	۱۷	۳۲۰	۶۵	۱۴۷	۱۰۸	۳۷۴	۱۶۶	۱۷	۴۰	۴۱۴
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

سکیواسطے ضروری ہی اوّل منزل حرف دویم طالع وقت سویم صاحب طالع چہارم ساعت پنجم یوم
ششم برج قمر یعنی جس برج مین ہو ہفتم صاحب برج ہشتم منزل قمر یعنی جس منزل مین ہو نہم موکل علوی اُس روز
کا دہم موکل سفلی اوس روز کا یازدہم اسم اللہ ان سب کے اعداد لیکر بسط عزیزیہ منقوی و مری
موافق طبع کی کری بسط عزیزی اسکو کہتے ہیں کہ طالب ہون حروف آتشی آم درجہ حروف بادی
کی اور طالب ہون حروف آبی ہم درجہ حروف خاکی کی اور تمام حروف کی اعداد استخراج کرکی ایک موکل
بناوی اور جو حروف تالیف طبع کئے ہیں انکو و حرفی کلمہ بنا کر نقش مثلث حرف کا لکھکر اسکی
پشت پر ایک تصویر آدمی کرسی نشین کی بناوی اور گرداگرد حروف مستخرجہ تالیف طبع کی لکھی اور
موکل کو تصویر کی سر پر لکھی لیکن میرا اوستاد کی ہدایت ہی کہ طالب اپنی نام کے حرفون کی اعداد استخراج
کری اور یہہ عدد تصویر کی سینہ پر لکھی اور پہران عددون کی حروف استخراج کرکے تصویر کی پیشانی پر
